# Pakistan Studies - ICOM Part 2 Pak Studies Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Test

Q1. دستور ساز اسمبلی نے 1956 کس نے منطوری دی.

**Ans 1:** نومنتخب وزیراعظم چودھری محمد علی نے دستور سازی کے کام کی طرف پوری توجہ دی اور اسے مکمل کیا۔ دستور ساز اسمبلی 1956 کے نئے ائین کی منظوردے دی - جس مے مطابق پاکستان اسلامی جمہوریہ ہوگا اور وفاقی پارلیمانی نظام قائم ہوگا.

---

Q2. تیسرا ائین کب نافذ کیا.

**Ans 1:** اس حکومت نے 14 اگست 1973 کو پاکستان کا تیسرا ائین نافذ کیا-

---

Q3. 1956 کا ائین کب منسوخ ہوا.

**Ans 1:** 1956 کا ائین نو سال کی انتھک محنت اور کوششوں کے بعد منظور ہوا تھا مگر پاکستان کے مخصوص حالات اور سیاست دانوں کی باہمی چپقلش ، جمہوری اداروں میں فوج ور بیوروکرسی کی بے جا مداخلت اور اعلیٰ قیادت کے فقدان نے ائین کو زیادہ دیر تک چلنے نہ دیا. 1956 کا یہ ائین دو سال اور 7 ماہ تک نافذ رہا جس کے بعد اکتوبر 1958 میں پاکستان آرمی کے کمانڈر انچیف جنرل محمد ایوب خاں نے ملک کی جمہوری حکومت کو برطرف کرکے فوجی حکومت قائم کردی اور تمام اختیارات خود سنبھال لیے. جنرل محمد ایوب خاں نے 1956 کا ائین منسوخ کردیا۔ وفاقی اور تمام صوبائی اسمبلیاں ختم کردیں۔ اور خود صدر پاکستان اور چیف مارشل لائ ایڈمنسٹریٹر کا عہدہ سنبھال لیا-

---

Q4. 2013 میں کس نے کامیابی حآصل کی اور کس نے وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالا

**Ans 1:** 2013 میں عام انتخابات ہوئے جس مین پاکستان مسلم لیگ (ن) نے کامیابی حاصل کی اور میاں نواز شریف نے تیسری بار وزارت عنظمیٰ کا منصب سنبھالا-

---

Q5. 1956 کے ائین کب تیار ہوا اور نافذ ہوا.

**Ans 1:** 1956 پاکستان کو اپنے قیام ہی سے ائین سازی میں مشکلات کا سامنا رہا۔ قرارداد مقاصد دستور سازی کی طرف پہلا بڑا قدم تھا۔ بہر حال بڑی کوششوں کے بعد پاکستان کا پہلا ائین تیار ہوا جوکہ 23 مارچ 1956 کو نافذ ہوا.

---

Q6. جنرل غلام محمد نے کب دستور ساز اسمبلی تحلیل کردی اور نئی اسمبلی کا قیام کا اعلان کردیا.

**Ans 1:** گورنر جنرل محمد غلام محمد نے 24 اکتوبر 1954 کو دستور ساز اسمبلی تحلیل کردی اور نئی اسمبلی کے قیام کا اعلان کردیا .

---

Q7. ملک میں عام انتخابات کب ہوئے.

**Ans 1:** 16 اکتوبر 1993 کو ملک میں عام انتخابات ہوئے اور ایک دفعہ پھر محترمہ بے نظیر بھٹو ملک کی وزیراعظم نامزد ہوئینجب کہ صدر پاکستان کے عہدہ پر فاروق احمد لغاری منتخب ہوئے-

---

Q8. جنرل محمد ضیاء الحق نے کب مارشل لاء نافذ کردیا.

**Ans 1:** جنرل محمد ضیاء الحق نے 5 جولائی 1977 کو ملک میں مارشل لانافذ کردیا. اور قومی وصوبائی اسمبلیوں کو ختم کردیا گیا.اور 1973 کے ائین کو معطل کردیا گیا۔

---

Q9. 1973 کے ائین کے تحت گورنر کی حیثیت بتائیں۔

**Ans 1:** گورنر صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔ جس کو صدر نامزد کرتا ہے۔ جب تک صدر چاہے گورنر اپنے عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے۔ گورنر صوبائی اسمبلی کا اجلاس طلب کرتا ہے۔ ااسے خطاب کرتا ہے اور وزیراعلیٰ کے مشورے پر اسمبلی توڑسکتا ہے۔ گورنر ، وزیراعلیٰ کے مشورے پر تما نظم و نسق چلاتا ہے۔ حآلات کے فوری تقاضے کے پیش نظر آرڈیننس جاری کرسکتا ہے۔

---

Q10. اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام کے فرائض بیان کریں۔

**Ans 1:** ملک میں اسلامی معاشرہ کے قیام اور قوانین کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کے لیے ایک کونسل قائم کی جائے گی جس کا نام اسلامی نظریاتی کونسل رکھا گیا۔ اسلامی نظریاتی کونسل قوانین کو اسلامی تعلیمات کے مطابق بنانے کے لیے قانون ساز اداروں کی راہ نمائی کرے گی۔

---